

تحفۃ المناظر

مبادیات مناظرہ، اصول حدیث، عقائد، تقلید، رفع یدین، قرات خلف الامام
میں تراویح، آمین بالجہر، طلاق ثلاثہ، صفات باری تعالیٰ، حاضر و ناظر،
علم غیب، نور بشر اور عید میلاد النبی ﷺ پر مکمل و مدلل سیر حاصل بحث



مناظر اسلام وکیل احناف
حضرت مولانا ڈاکٹر منظور احمد مینگل صاحب
استاذ الحدیث جامعہ فاروقیہ کراچی

ترتیب و تخریج
مفتی ضیاء الرحمان ذاکر
سابق استاذ جامعہ فاروقیہ کراچی

مکتبہ عمر فاروق

تحفۃ المناظر
مناظر اسلام وکیل احناف
حضرت مولانا ڈاکٹر منظور احمد مینگل صاحب

تحفۃ المناظر

مبادیاتِ مناظرہ، اُصولِ حدیث، عقائد، تقلید، رفع یدین، قرأت خلف الامام
بیس تراویح، آمین بالجہر، طلاقِ ثلاثہ، صفاتِ باری تعالیٰ، حاضر و ناظر،
علمِ غیب، نور بشر اور عید میلاد النبی پر مکمل و مدلل سیر حاصل بحث

مناظرِ اسلام وکیلِ احناف
حضرت مولانا ڈاکٹر منظور احمد مینگل صاحب
استاذ الحدیث جامعہ فاروقیہ کراچی

ترتیب و تخریج
مفتی ضیاء الرحمان ذاکر
رفیق دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

مکتبہ عمر فاروق
4/491 شاہ فیصل کالونی کراچی
Tel: 021-34594144 Cell: 0334-3432345

نام کتاب .... تحفۃ المناظر

ترتیب و تخریج .... مفتی ضیاء الرحمان ذاکر رفیق دارالافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

اشاعت اوّل .... جولائی 2012ء

تعداد 1100

طابع .... القادر پرنٹنگ پریس کراچی

ناشر .... مکتبہ عمر فاروق 4/491 شاہ فیصل کالونی کراچی

021-34594144 Cell: 0334-3432345

ای میل .... M farooq.12317@yaho.com

دارالاشاعت، اردو بازار کراچی

اسلامی کتب خانہ، علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

قدیمی کتب خانہ، آرام باغ کراچی

ادارۃ الانور، علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مکتبہ رشیدیہ، سرکی روڈ کوئٹہ

کتب خانہ رشیدیہ، راجہ بازار راولپنڈی

مکتبہ العارفی، جامعہ امدادیہ ستیانہ روڈ فیصل آباد

مکتبہ رحمانیہ، اردو بازار لاہور

مکتبہ سید احمد شہید، اردو بازار لاہور

مکتبہ علمیہ، جی ٹی روڈ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ

وحیدی کتب خانہ، محلہ جنگی قصہ خوانی بازار پشاور

حضورِ روح حضورِ ناقص ہے

یہ حضرات کہتے ہیں کہ روح مبارک ابتداء آفرینش عالم سے موجود ہے۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیدائش سے پہلے بھی روح موجود ہے اور وفات کے بعد بھی، حضور کامل تو روح مع الجسد ہے او. آپ حضرات نے حضور ناقص مان لیا۔ اس لئے آپ کو نصوص میں اس کی تصریح دکھانی پڑے گی۔

عقیدہ حاضر و ناظر خاتم النبین کے منافی ہے

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر جگہ موجود ہیں۔ ہماری درسگاہ میں بھی، مسجد میں بھی، دکان میں بھی۔ یہ سب مستقل ہیں یا سب کو ملا کر ایک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بنایا جائے گا۔ اگر ہر ایک مستقل ہے تو پھر آپ خاتم الانبیاء کے تعدد کے قائل ہوئے۔ محمد کا ایک مسمّیٰ تھا اور آپ نے کئی بنائے، اگر سارے کے سارے کو ایک بنایا جائے گا تو آپ مکمل حاضر و ناظر کے قائل نہیں۔

ٹیلی ویژن پر قیاس

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر جگہ حاضر و ناظر ہیں اس میں کیا خرابی ہے؟ جیسا کہ ایک شخص ہوتا ہے، لیکن ٹیلی ویژن اس کی تصویر لاکھوں جگہ پر دکھاتا ہے، اسی طرح آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی ہر جگہ پر ہوں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ مسئلہ عقائد میں سے ہے اور عقائد میں قیاس جاری نہیں ہوتا۔ دوسرا یہ کہ اس طرح تو حاضر فی مکان واحد ومنظور فی اَمکنۂ متعددۃ تو ہے لیکن حاضر فی کل مکان و ناظر کل شئ نہیں۔ اسکرین پر تصویر نظر آتی ہے اور صورت تو کچھ نہیں کر سکتی۔ اسی طرح آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صورت آ گئی ہے، اصل جسد مبارک تو قبر مبارک میں ہے۔ مختار کل آپ کے نزدیک وہ ہے، اور اگر یہ کچھ نہیں کر سکتا تو مختار کل والا مسئلہ خراب ہو گا۔

خواب پر قیاس

علامہ احمد سعید کاظمی کا کہنا ہے کہ خواب میں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہر ایک دیکھ سکتا ہے، درمیان سے پردہ ہٹا دیا جاتا ہے، اسی طرح بیداری کی حالت میں بھی عین ممکن ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک جگہ پر ہوں اور درمیان سے پردہ ہٹا دیا جائے۔

جواب یہ ہے کہ اس طرح آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ناظر لکل احد تو ہوئے، حاضر فی کل مکان نہ ہوئے۔